گورنمنٹ آف دی پنجاب
ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی
گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، اولڈ ہڑپہ روڈ ساہیوال
فون 040-4502630

# اشتہار برائے نیلامی ٹھیکہ کالج کینٹین/ زرعی اراضی/ اسٹیشنری شاپ وفوٹو کاپی

## برائے سال 26-2025ء

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی ساہیوال اپنی کالج کینٹین اور زرعی اراضی کا ٹھیکہ برائے سال 26-2025 بذریعہ نیلام عام کروانا چاہتا ہے جس کے لئے باقاعدہ نیلامی مندرجہ ذیل شیڈول کے تحت ادارہ ہذا کے کانفرنس روم میں منعقد ہو رہی ہے۔ خواہشمند حضرات موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

| نمبر شمار | کیفیت/تفصیل | تعداد | نیلامی سے قبل CDR کی صورت میں سکیورٹی (قابل واپسی) | بولی کی تاریخ | مقررہ تاریخ کو بولی کی ناکامی کی صورت میں اگلی تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کالج کینٹین | 1 عدد | -/25,000 روپے | 02-07-2025 بوقت 12:00 بجے دن | 09-07-2025 بوقت 12:00 بجے دن |
| 2 | زرعی اراضی | رقبہ ساڑھے نو ایکڑ | -/100,000 روپے | 02-07-2025 بوقت 12:30 بجے دن | 09-07-2025 بوقت 12:30 بجے دن |
| 3 | اسٹیشنری شاپ/فوٹو کاپی | 1 عدد | -/10,000 روپے | 02-07-2025 بوقت 01:00 بجے دن | 09-07-2025 بوقت 01:00 بجے دن |

- ☆ شرائط نیلامی برائے کالج کینٹین، زرعی اراضی اور اسٹیشنری شاپ/فوٹو کاپی دفتری اوقات کار میں مورخہ 02-07-2025 بوقت صبح 10:30 بجے تک شعبہ حسابات ادارہ ہذا سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔
- ☆ نیلامی میں حصہ لینے کیلئے بولی دہندہ کو کالم نمبر 4 میں دی گئی رقم بطور زرِ ضمانت ہمراہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی قبل از نیلامی جمع کروانا ہوگی۔ مزید برآں زرِ ضمانت نقد رقم کی صورت میں قابلِ قبول نہ ہوگی۔
- ☆ زرِ ضمانت CDR کی صورت میں بنام پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی ساہیوال جمع کروانا ہوگی۔
- ☆ اس اشتہار کو PPRA اور TEVTA کی ویب سائٹس پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

المشتہر: پرنسپل/کنوینئر نیلام کمیٹی

گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، اولڈ ہڑپہ روڈ، ساہیوال۔

فون نمبر: 040-4502630

CamScanner

گورنمنٹ آف دی پنجاب
ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی

# گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، اولڈ ہڑپہ روڈ ساہیوال

فون نمبر: 040-4502630

## شرائط نیلامی ٹھیکہ کالج کینٹین برائے سال 2025-26

۱۔ ٹھیکہ کینٹین یکم جولائی 2025ء سے 30 جون 2026ء تک ہوگا۔
۲۔ ٹھیکہ کینٹین بنیادی طور پر ایک سال کیلئے ہوگا تاہم ٹھیکہ دار کی تسلی بخش کارکردگی کی بنا پر 10% سالانہ اضافہ کے ساتھ مزید ایک سال کیلئے توسیع کی جاسکتی ہے۔
۳۔ بجلی کا بل ٹھیکیدار ادا کریگا۔ شعبہ برقیات کالج ہذا سے میٹر چیک کروا کر لگائے گا۔ بل بجلی حکومت کے مقرر کردہ ریٹ کے مطابق لیا جائے گا۔
۴۔ کینٹین میں استعمال کیلئے چولہے، برتن، کراکری اور فرنیچر وغیرہ (اچھی کوالٹی کے) ٹھیکہ دار کے اپنے ہونگے۔ ٹھیکہ کی مدت ختم ہونے پر وہ اپنا سامان انچارج کینٹین کی اجازت کے ساتھ لے جاسکے گا۔
۵۔ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی نصف رقم بولی کی منظوری کے سات یوم کے اندر جمع کروانا ہوگی باقی نصف رقم 31 دسمبر 2025ء تک ہر صورت جمع کروانا ہوگی۔ رقم بر وقت جمع نہ کروانے کی صورت میں جمع شدہ زرضمانت ضبط کی جاسکتی ہے۔
۶۔ مقررہ تاریخ تک ٹھیکہ کی رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں ٹھیکہ دار کو مبلغ-/100 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ جمع کروانا ہوگا۔
۷۔ منظوری لیٹر ملنے پر کامیاب بولی دہندہ کل رقم کا 10% بطور پرفارمنس گارنٹی جمع کروائے گا۔ جو کہ مدت معاہدہ کی تکمیل پر واپس کی جائے گی نیز پرفارمنس گارنٹی جمع کروانے پر زرضمانت مبلغ-/25,000 روپے ٹھیکہ دار کو واپس کر دی جائے گی۔
۸۔ پرفارمنس گارنٹی جمع کروانے پر 100 روپے کے اشٹام پیپر پر معاہدہ تحریر کیا جائے گا۔ جس پر دونوں فریقین پرنسپل کالج ھذا، کامیاب بولی دہندہ اور گواہان دستخط کریں گے۔ اشٹام پیپر کی فراہمی بذمہ ٹھیکہ دار ہوگی۔
۹۔ فرنیچر، آرام دہ کرسی کی تعداد کم از کم ایک درجن رکھے گا اور اچھی کوالٹی کی کم از کم چار میزوں کا انتظام ٹھیکہ دار کے ذمہ ہوگا۔
۱۰۔ ایسی اشیاء خوردونوش کی قیمتیں کمیٹی مقرر کرے گی جن کا تذکرہ فی الوقت ٹینڈر میں موجود نہ ہے۔ ٹھیکہ دار کو ریٹ لسٹ نمایاں جگہ پر آویزاں کرنا ہوگی۔ طے شدہ نرخوں پر اشیاء خوردونوش فروخت کرنا ہونگی۔ کسی چیز کی قیمت میں از خود اضافہ کرنے کا اختیار ٹھیکہ دار کو حاصل نہ ہوگا۔
۱۱۔ کینٹین کمیٹی وقتاً فوقتاً اشیاء خوردونوش کے معیار اور صفائی چیک کرنے کا اختیار رکھتی ہیں ٹھیکہ دار ایسا موقع فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔
۱۲۔ ٹھیکیدار کینٹین کے کام کیلئے اچھی صحت اور اچھے چال چلن کے افراد کو ملازم رکھنے کا پابند ہوگا۔ جن کی فوٹو اور شناختی کارڈ کی نقل صدر دفتر ہذا میں جمع کروائے گا۔
۱۳۔ ٹھیکیدار کا کام تسلی بخش نہ ہونے پر یا شرائط ٹھیکہ کی خلاف ورزی کرنے پر کنوینر نیلام کمیٹی کو PPRA کے قواعد وضوابط کے مطابق از خود یا کینٹین کمیٹی کی سفارش پر ٹھیکہ منسوخ کرنے کا اختیار ہوگا۔
۱۴۔ ٹھیکیدار بذات خود کینٹین چلانے کا پابند ہوگا۔ وہ آگے کسی دوسرے شخص کو ٹھیکہ پر نہیں دے سکتا۔ خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔
۱۵۔ ٹھیکہ دار معیاری مشروبات اور طعام حسب ضرورت نقد ادائیگی پر مقرر کردہ نرخ پر فراہم کر سکے گا۔
۱۶۔ ٹھیکیدار کو کینٹین پر منشیات سے متعلقہ کوئی آئٹم یہاں تک کہ سگریٹ بھی فروخت کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔
۱۷۔ کالج کینٹین پر ٹی وی، ریڈیو یا ٹیپ ریکارڈ چلانے پر پابندی ہوگی۔
۱۸۔ ہر بولی دہندہ کو بولی دینے سے پہلے مبلغ-/25,000 روپے (قابل واپسی بطور زرضمانت) CDR کی صورت میں بمع اصل شناختی کارڈ جمع کروانے ہونگے۔
۱۹۔ انکم ٹیکس گورنمنٹ کے مجوزہ قوانین کے تحت الگ سے ادا کرنا ہوگا۔
۲۰۔ کینٹین میں موجود تمام سامان کی حفاظت کی ذمہ داری ٹھیکہ دار کی اپنی ہوگی۔
۲۱۔ کینٹین کے ایندھن کا بندوبست خود ٹھیکہ دار کرے گا۔
۲۲۔ کسی سرکاری و نیم سرکاری ادارہ کی کینٹین چلانے کا تجربہ/سرٹیفکیٹ لازمی لف کریں۔

**پرنسپل /کنوینئیر نیلام کمیٹی**

تظہیر نمبر۔ جی سی ٹی/ساہیوال/2025/---------- مورخہ:----------

**مندرجہ بالا شرائط منظور کرتا ہوں اور ان پر عمل کرنے کا پابند رہونگا۔ ان شرائط کے خلاف کسی بھی قانونی چارہ جوئی کا حق مجھے نہ ہوگا۔**

**نام و پتہ ٹھیکیدار**---------------------- **موبائل**----------

**دستخط ٹھیکیدار**---------------------- **شناختی کارڈ نمبر**----------

CamScanner

گورنمنٹ آف دی پنجاب
ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی
گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، اولڈ ہڑپہ روڈ ساہیوال
فون نمبر: 040-4502680

# شرائط نیلامی ٹھیکہ برائے زرعی اراضی برائے سال 2025-26

۱۔ ٹھیکہ کی مدت 1 سال (01 جولائی 2025ء تا 30 جون 2026ء) ہے۔

۲۔ ٹھیکہ زرعی اراضی بنیادی طور پر ایک سال کیلئے ہوگا تاہم ٹھیکہ دار کی تسلی بخش کارکردگی کی بنا پر 10% سالانہ اضافہ کے ساتھ مزید ایک سال کیلئے توسیع کی جا سکتی ہے۔

۳۔ ہر بولی دہندہ کو بولی دینے سے پہلے مبلغ-/50,000 روپے CDR کی صورت میں بطور ضمانت (قابلِ واپسی) بمعہ اصل شناختی کارڈ جمع کروانا ہونگے۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی نصف رقم بولی کی منظوری کے سات یوم کے اندر جمع کروانا ہوگی باقی نصف رقم 31 دسمبر 2025ء تک ہر صورت جمع کروانا ہوگی۔ رقم بروقت جمع نہ کروانے کی صورت میں جمع شدہ زرِ ضمانت ضبط کی جا سکتی ہے۔

۵۔ مقررہ تاریخ تک ٹھیکہ کی رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں ٹھیکہ دار کو مبلغ-/100 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ جمع کروانا ہوگا۔

۶۔ منظوری لیٹر ملنے پر کامیاب بولی دہندہ کل رقم کا 10% بطور پرفارمنس گارنٹی جمع کروائے گا۔ جو کہ مدت معاہدہ کی تکمیل پر واپس کی جائے گی نیز پرفارمنس گارنٹی جمع کروانے پر زرِ ضمانت مبلغ-/100,000 روپے ٹھیکہ دار کو واپس کر دی جائے گی۔

۷۔ پرفارمنس گارنٹی جمع کروانے پر 100 روپے کے اشٹام پیپر پر معاہدہ تحریر کیا جائے گا۔ جس پر دونوں فریقین پرنسپل کالج ھذا، کامیاب بولی دہندہ اور گواہان دستخط کریں گے۔ اشٹام پیپر کی فراہمی بذمہ ٹھیکہ دار ہوگی۔

۸۔ زمین سے بلا اجازت مٹی اٹھانے کی اجازت نہ ہے اور نہ ہی درخت کاٹنے اور شاخیں تراشنے کی اجازت ہے۔

۹۔ کھالے کی بھل صفائی بذمہ ٹھیکہ دار ہے۔

۱۰۔ زمین کے آبیانہ کی ادائیگی بذمہ ٹھیکہ دار ہوگی۔

۱۱۔ زرعی اراضی پر کسی قسم کی عمارت تعمیر کرنے کی اجازت نہ ہے۔

۱۲۔ ٹھیکہ دار ہفتہ میں ایک بار-/1050 روپے فی گھنٹہ کے حساب سے 06 گھنٹہ پانی ٹربائن سے حاصل کر سکتا ہے (یہ ریٹ گورنمنٹ ریٹس کے مطابق تبدیل ہوتا رہے گا)۔

۱۳۔ گندہ پانی بولی میں شامل ہے۔ گندے پانی کیلئے ٹیوب ویل ہر دوسرے دن چلانا لازمی ہوگا اور ٹیوب ویل مرمت بذمہ ٹھیکہ دار ہے۔

۱۴۔ ادارہ ہذا میں پالتو جانور (گائے، بھینس، بھیڑ، بکری، گھوڑا وغیرہ) لے کر آنا سختی سے منع ہے لہذا ٹھیکہ دار اس پر عملدرآمد کا پابند ہوگا۔

۱۵۔ انکم ٹیکس گورنمنٹ کے مجوزہ قوانین کے تحت الگ سے ادا کرنا ہوگا۔

۱۶۔ تمام بولی دہندگان پر PPRA اور TEVTA کے مجوزہ قوانین کا اطلاق ہوگا۔

۱۷۔ درج بالا تمام شرائط و قواعد کی تشریح کا اختیار صرف کنوینئر نیلام کمیٹی کو ہوگا اور PPRA و TEVTA قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں کنوینئر نیلام کمیٹی کو نیلامی اراضی منسوخ کرنے کا اختیار ہے۔

**پرنسپل /کنوینئر نیلام کمیٹی**

تظہیر نمبر۔ جی سی ٹی/ساہیوال/2025/-__________ مورخہ:___________

مندرجہ بالا شرائط منظور کرتا ہوں اور ان پر عمل کرنے کا پابند رہونگا۔ ان شرائط کے خلاف کسی بھی قانونی چارہ جوئی کا حق مجھے نہ ہوگا۔

نام و پتہ ٹھیکیدار_____________________ موبائل_____________

دستخط ٹھیکیدار_____________________ شناختی کارڈ نمبر_____________________

CamScanner